فاروق درانی کے والد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔26، اکتوبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم میر پورخاص کی سابق زونل ممبر فاروق درانی کے والد عبدالستار درانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

حق پرست عوام، اقبال مودی کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔26، اکتوبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی کراچی تنظیمی کمیٹی کے رکن اقبال مودی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ اقبال مودی کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

دعوت اسلامی پاکستان کے چار رکنی نمائندہ وفد کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات ملتان میں ہونے والے اجتماع میں شرکت کی دعوت

کراچی۔۔۔26/ اکتوبر 2007ء

دعوت اسلامی پاکستان کے چار رکنی وفد نے مولانا محمد یعقوب عطاری کی سربراہی میں جمعرات کے روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب اور رکن رابطہ کمیٹی اشفاق منگی سے ملاقات کی اور انہیں دعوت اسلامی کی جانب سے ملتان میں ہونے والے سہ روزہ اجتماع میں شرکت کی دعوت دی۔ وفد کے ارکان میں مولانا فہیم بابر عطاری، مولانا محمد نیاز عطاری اور محمد فرحان عطاری بھی شامل تھے۔عبدالحسیب نے دعوت اسلامی کے رہنماؤں کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عوام کی متفقہ جماعت ہے جو ملک میں قیام امن، مذہبی رواداری، فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارے کی فضاء کے فروغ کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔اس موقع پر ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے اراکین مولانا فیروزالدین رحمانی، انور رضا اور ناصر یامین بھی موجود تھے۔

ممتاز بھٹو متعصبانہ ذہنیت کے ذریعے سندھ کی کونسی خدمت کررہے ہیں، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی

کراچی۔۔۔26، اکتوبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج لونگ خان چنہ، غلام حیدر راہو، جمال الدین برہمانی اور عزیز سومرو نے سندھ نیشنل فرنٹ کے چیئرمین ممتاز بھٹو کے بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ممتاز بھٹو سندھ کے عوام کو جواب دیں کہ وہ سندھ کے مستقل باشندوں کے خلاف متعصّبانہ ذہنیت کا مظاہرہ کرکے سندھ دھرتی کی کونسی خدمت کررہے ہیں؟ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی جانب سے سندھ میں امن و محبت اور بھائی چارے کی فضاء کے قیام کیلئے عملی کاوشوں کو سراہنے کے بجائے ممتاز بھٹو متعصّبانہ ذہنیت کا مظاہرہ کررہے ہیں تاکہ سندھ کے عوام متحد نہ ہوسکیں اور سندھ دھرتی اور اس کے عوام اپنے جائز حقوق سے محروم رہیں۔انہوں نے کہا کہ ممتاز بھٹو اور ان جیسے دیگر نام نہاد قوم پرستوں نے ہی سندھ دھرتی کا امن غارت کررکھا ہے اور ممتاز بھٹو کا حالیہ بیان ان کی شاؤنسٹ ذہنیت کی کھلی عکاسی کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ممتاز بھٹو کے حالیہ بیان سے سندھ کے باشعور عوام جان چکے ہیں کہ وہ کونسے عناصر ہیں جو سندھ کے مستقل باشندوں کے درمیان دوریاں پیدا کرنے گھناؤنے مقاصد حاصل کرنا چاہتے ہیں۔اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان نے سندھ کے مستقل باشندوں سے اپیل کی کہ وہ سندھ کے عوام کے درمیان دوریاں پیدا کرنے کی گھناؤنی سازشوں کو سمجھیں، اپنے اتحاد کا مظاہرہ کرتے ہوئے ممتاز بھٹو اور ان جیسے دیگر نام نہاد قوم پرستوں کی گھناؤنی سازشوں کو ناکام بنادیں۔

☆☆☆☆☆